جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، آپ پہلے سنیں۔ وہاں پچیس پچیس ہوئے، میں صرف منسٹر صاحب کی توجہ چاہونگا، یہ بہت اچھے آدمی ہیں، بڑے Young آدمی ہیں، بڑے Energetic آدمی ہیں، میں ان سے پوچھونگا اور یہ جو مہربانی مختلف اضلاع پر کرتے ہیں، مہربانی کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟ ایک تو یہ ہو سکتا ہے کہ وہاں بڑے لوگ یقیناً رہتے ہیں لیکن پھر بھی ہم توقع کرتے ہیں کہ اضلاع میں کوئی بہتری لانے کیلئے ہمارے ساتھ ایسا سلوک کیا جائے، میں چارسدہ، مردان، پشاور جیسا سلوک نہیں مانگتا جناب سپیکر۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you, ji.

جناب محمد جاوید عباسی: لیکن میں کہتا ہوں کہ Kindly میرے ساتھ ہنگو جیسا سلوک کیا جائے جناب سپیکر۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر، عباسی صاحب د کنجوسئ نه کار واغستو، وائی Energetic هم دے، ښه سړے هم دے او دا ئے او نه وئیل چه ښائسته سړے دے۔ (قہقہہ) دا ده کنجوسی کړے ده۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: زه جی د منسټر صاحب نه تپوس کوم چه سن 2008 او 2009 اے ډی پی کښے، زه به د خپلے ضلعے متعلق خبره اوکړمه، ما ته درے سکولونه راکړے شوی دی، هغه درے سکولونو کښے تر اوسه پورے نیم نیم کارونه شوی دی، نیم نیم کارونه بار بار پاتے دی۔ د ایجوکیشن دفتر ته زه درے پیرے لاړمه، سی اینډ ډبلیو دفتر ته مونږ بار بار لاړو، منسټر صاحب ته به مو دا ګزارش وی یا تاسو ته چه دے ځائے نه یو رولنګ ورکړئ، یو ډائریکشن ورکړئ چه دا کوم

کارونه پاتے دی، دغه ته د فنډونه ورکړی، دا سکولونه بیا په خرابیدو باندے دی، دا گزارش مے دے جی۔

جناب سپیکر: جی سردار بابک صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، سپلیمنٹری۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری تین سے زیادہ نہیں ہونے چاہئیں۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، میں یہ وضاحت چاہتا ہوں کہ اس کی پوری تفصیل نہیں دی گئی ہے۔

آوازیں: تفصیل موجود ہے۔

جناب سپیکر: پیچھے لکھا ہوا ہے، Attached ہے۔ جی جناب سردار بابک صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ اپ گریڈیشن کا سوال کر رہا ہے بڑے Humble طریقے سے۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ہاں بالکل، میرے خیال میں میں تو شاید اسی اسمبلی میں پہلی دفعہ آیا ہوں، ہمارے ایک بزرگ یہاں پہ بیٹھے ہیں، بلکہ میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے جو وزیراعلیٰ ہیں، حیدر خان ہوتی صاحب، جہاں تک میں نے پڑھا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس صوبے کی تاریخ میں انہوں نے کبھی فرق نہیں کیا اور جتنے بھی سکولز ہوتے ہیں یا امبریلہ سکیمز ہوتی ہیں تو انہوں نے کبھی اپوزیشن اور یا گورنمنٹ کی جو بینچز ہیں، ان میں فرق محسوس نہیں کیا۔ ٹھیک ہے عباسی صاحب کو اگر کوئی شکایت ہو تو انشاء اللہ یہ شکایت مستقبل میں نہیں رہے گی لیکن۔۔۔۔

جناب سپیکر: دور کرینگے۔ مفتی جانان صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: میں کوشش کرونگا۔ مفتی جانان صاحب خو دا خبره اوکړه چه دا درے سکولونه که تاسو اوګورئ جی، دا زمونږ هم د ممبرانو صاحبانو ذمه واری جوړیږی، یوائے د سکولونو خبره نه ده، چونکه زمونږ Executing Agency خو سی اینډ ډبلیو ډیپارټمنټ دے، پکار دا ده چه مونږ د خپلو سکیمونو تپوس کوؤ، سکیمونو له ځو، د هغے پراګرس معلوموؤ او بیا چه څه خبره وی نو بیا په ډیپارټمنټ کښے، اوس دا ما ته اندازه نه شی کیدے چه دغه سکولونو باندے کار ولے بند دے؟ بهرحال زه به د هغے معلومات اوکړمه او انشاءالله

هغے باندے به مونږ ایکشن واخلو چه هغه کار که بند وی نو هغه کار به پرے مونږ شروع کړو۔

جناب سپیکر: شکریه خو دے هفته کښے پرے کار شروع کړئ چه کوم ځائے کار نه دے شروع، هغه پرے شروع کړئ جی۔

مفتی سید جانان: فنډ نشته دے جی، مسئله د فنډ ده۔

جناب سپیکر: نه اوس خو، اوس ایشورنس کښے راغے جی، دوئ به هفته کښے پرے کار شروع کړی۔

جناب محمد جاوید عباسی: جی مہربانی۔جناب سپیکر،جناب منسٹر صاحب نے کہا ہے،اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ چیف منسٹر صاحب نے ہمیشہ سب کے ساتھ ،انہوں نے کہا ہے کہ ان کو اگر گلہ نہیں ہے، ہماری ریکویسٹ ہے جناب کہ یہ ایشورنس ہمیں دے دیں کہ کم از کم ہمارے ساتھ جو، میرے سب سے کم جو پسماندہ ڈسٹرکٹ تھا،اس کے ساتھ کیا،یہ آگے کہہ دیں کہ آنے والے وقتوں میں جناب جواپ گریڈیشن ہے،وہ ہمیں اس میں زیادہ بہتر دیئے جائیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ آپ کی ریکویسٹ کو دیکھ لیں گے اور کرلیں گے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، مجھے ایشورنس کرادیں، پھر نہ ہوا تو دوسرے طریقے سے میں انشاء اللہ ان کے ساتھ ،وہاں ایشورنس کی جو پریویلج کمیٹی ہے،ادھر بات کرلیں گے۔ ہمارے بہت سارے سکولز ہیں، بڑی تکلیف ہے،پہاڑی علاقہ ہے تو وہاں بھی کچھ مڈل اور ہائی سکولوں کو اپ گریڈ کیا جائے۔

جناب سپیکر: سردار بابک صاحب نے کہہ دیا ہے کہ میں نے وعدہ کیا ہے،وہ ہو جائیگا۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سر، میں Assure کرتا ہوں اور میرے خیال میں عباسی صاحب تو ابھی DDAC Committee کے چیئرمین بنے ہیں ماشاء اللہ، تو انشاء اللہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ خود DDAC کے چیئرمین بنے ہیں؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سر، یہ DDAC کے چیئرمین بنے ہیں۔

جناب سپیکر: آپ پھر بیٹھیں، یہ ان کا کام ہے، بیٹھیں۔ سید قلب حسن صاحب۔ پھر تو آپ بڑے کمزور ڈسٹرکٹ چیئرمین ہیں۔ جی، قلب حسن صاحب، سوال نمبر؟

سید قلب حسن: سوال نمبر 982۔

* 982 _ سید قلب حسن: کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ حلقہ پی ایف 38 کوہاٹ میں کئی سکولوں پر زمین کے مالکان نے قبضہ کیاہوا ہے جس کی وجہ سے محکمہ کولاکھوں کانقصان ہواہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو توحکومت نے اس سلسلے میں کیااقدامات کیئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) پی ایف 38 کوہاٹ میں صرف گورنمنٹ گرلزمڈل سکول میروزئی پرمالکان اراضی کاقبضہ ہے جس کی وجہ سے یہ سکول بند ہے۔

(ب) مذکورہ سکول 94-1993 میں تعمیر ہواہے، مالک زمین نے تین کنال زمین وقف کرکے محکمہ تعلیم کودی تھی لیکن بعداز تعمیر مالک زمین کی بہنوں نے عدالت میں محکمہ تعلیم کوہاٹ کے خلاف دعویٰ دائرکیاکہ جہاں سکول کی تعمیر ہوئی ہے، وہ اس زمین میں حصہ دار ہیں اور وہ یہ زمین سکول کو دینے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ یہ کیس عدالت میں چلتا رہااور اس دوران مالک زمین کاانتقال ہوگیا، اس کے بعد متعلقہ عدالت نے محکمہ کے خلاف ڈگری دے دی۔ اس وقت مالک زمین کی بہنیں مذکورہ سکول پر قابض ہیں، ڈگری ہونے کے بعد سرکاری وکیل سے مشورے کے بعد محکمہ کی طرف سے پھر عدالت میں اپیل کی جائے گی۔ اس کے علاوہ اس بارے میں علاقے کے مشران سے بھی تعاون کی درخواست کی گئی ہے کہ وہ اس سلسلے میں محکمہ کی مددکریں تاکہ علاقے کی بچیاں اپنے ہی علاقے میں تعلیم حاصل کرسکیں۔ جب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہوجاتا گورنمنٹ گرلزمڈل سکول میروزئی کواس علاقے کے ایک کرایہ کی عمارت میں چلایاجارہاہے۔ محکمہ تعلیم کوہاٹ کی انتھک کوشش ہے کہ تعمیر شدہ عمارت جوکہ مالکان کے قبضہ میں ہے، کو محکمہ تعلیم اپنے چارج میں لےتاکہ باقاعدگی سے استعمال کرسکے۔

Mr. Speaker: Any supplementary, ji?

سید قلب حسن: جی سر، د کوئسچن چه دوئ کوم جواب راکړے دے، ما دوئ باندے کوئسچن کړے وو چه "پی ایف 38 کوہاٹ میں کئی سکولوں پر زمین کے مالکان کا قبضہ ہے"، دوئ دلته جواب کښے صرف یو سکول لیکلے دے حالانکه هلته کښے دوه سکولونه دی، یو د میاں گانو کالونئ کښے سکول دے چه هغے باندے هم قبضه ده۔ دا جواب ئے غلط راکړے دے او ورسره تاسو که دا اوګورئ نو دا سکول 1993 کښے تعمیر شوے دے، ستره سال اوشو او نن نه پانچ سال مخکښے هم

دغه کوئسچن ما اسمبلئ کښے کړے وو۔ زه افسوس سره دا خبره کومه چه ستره سال کښے حکومت هغه خلقو نه هغه زمکه قبضه نه کړه۔ دے کوئسچن کښے دغه جواب هم دے چه یره دا عدالت هغوی ته ورکړے ده، عدالت د زمکے مالکانو په حق کښے فیصله کوی، د هغے وجے نه زمونږ د محکمے والا عدم دلچسپی ده ورکښے چه هغوی هلته مقدمے ته ځی نه، زما ګزارش دا دے، یو خو چونکه غلط جواب ئے ورکړے دے، که دغه کوئسچن تاسو کمیټئ ته حواله کړئ نو هغه ځائے کښے به دا فیصله اوشی ګنی ستره سال اوشو د دے فیصله نه ده شوے، زه دا ریکویسټ کوم چه دا کوئسچن د کمیټئ ته حواله شی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی بابک صاحب! کمیټئ ته څه۔۔۔۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: سپیکر صاحب، بالکل دا۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: لږه ئے مختصر کوئ چه دا شے ختموؤ۔ دا واپډے افسران هم تاسو رابانديے راغوښتلی دی، ملک قاسم صاحب هم نشته او میاں نثار ګل هم نشته، ورته ټیلی فونونه هم شوی دی او بیا هم نه دی راغلی۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: سپیکر صاحب، قلب حسن صاحب چه کومه خبره راپورته کړے ده، بالکل دا داسے ده چه زمونږ په صوبه کښے په اکثرو ځایونو کښے د بدقسمتئ نه دا لینډ مافیا چه ورته وائی یا دغه خلق ورته وائی، هغوی قبضے کړی دی او زه تاسو له مثال هم درکولے شم او د دے هاؤس په وساطت سره بشیر بلور صاحب ته خراج تحسین هم پیش کوم چه زمونږ په پیښور کښے داسے مسئله ده، مونږه دوئ ته ریکویسټ اوکړو او زه شومه او دوئ راغلل، هغه زمکه مونږ د لینډ مافیا نه واغسته۔ زما یقین دا دے چه په ځائے د دے چه مونږ ئے کمیټئ ته ورکړو، زه به قلب حسن صاحب ته هم دا ریکویسټ اوکړم چه په هغے کښے زمونږ سره مرسته اوکړی، که د یو سکول زمکه ده او که د دوه سکولونو زمکه ده، انشاءالله په فوری توګه به مونږ هغه لینډ مافیا نه واخلو او دا به ایجوکیشن ډیپارټمنټ ته حواله کړو انشاءالله۔

جناب سپیکر: تهینک یو جی، تهینک یو۔ دا ترے ضرور واخلئ۔ محترمه مسرت شفیع صاحبه۔ نه، هغوی خو تاسو ته ایشورنس درکړو کنه، قلب حسن صاحب! ایشورنس تو مل گئی۔ قلب حسن صاحب کا مائیک آن کریں۔

سید قلب حسن: سر، د هغه ایشورنس نه زه مطمئن نه یمه، زما سوال دا دے چه که دا سوال کمیټۍ ته لاړ شی، د دے ما ته هیڅ اعتراض نشته خو که دا سوال کمیټۍ ته لاړ شی نو فیصله به په میاشت دوه کښے اوشی او که دا سوال کمیټۍ ته لاړ نه شی، ستره سال په دے سکول باندے نور لگی۔

جناب سپیکر: نه اوس ایشورنس کمیټۍ مونږ دغه کوؤ، د ایشورنس د پاره خپله کمیټی ده او Within a week or ten days کښے به تاسو ته Response ملاویږی۔

سید قلب حسن: ٹهیک شوه سر، ٹهیک شوه۔

جناب سپیکر: دا Response د خامخا ملاؤ شی۔ بابک صاحب! په دے باندے لږ خصوصی توجه۔ محترمه شفیع بی بی، سوال نمبر 991، موجود نہیں۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جناب، وقت ختم ہو رہا ہے، اگر ضروری ہے تو کر لیں، جی بسم اللہ۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب سپیکر، وزیر صاحب سے آپ کی وساطت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اربن ایریا میں لینڈ پرچیز کا کوئی طریقہ کار ہے، انہوں نے کوئی مجوزہ طریقہ کار رکھا ہوا ہے، کوئی Criteria ہے؟ اگر ہے تو اسکی کیا Minimum requirements یا Limitations کیا ہیں، اربن ایریا میں سکولز کی؟

جناب سپیکر: جی سردار بابک صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سپیکر صاحب، ابھی تک تو اربن ایریاز میں ہم نے کیسز بھی Plead کئے ہیں، سی ایم صاحب سے ہم نے ذاتی طور پر بھی بات کی ہے، انشاء اللہ ہماری کوشش ہے کہ اربن ایریاز میں سکولز بنانے کیلئے ہم لینڈ پرچیز کر لیں لیکن چونکہ میرے خیال میں عنایت اللہ خان کو مجھ سے زیادہ بخوبی اندازہ ہے کہ ہمارے صوبے کے حالات ابھی اس طرح نہیں ہیں کہ ہم سکولز بنانے کیلئے ہمارے پاس پیسے

نہیں ہیں تو خریدنے کی تو، بہر حال انشاء اللہ ہم کوشش کریں گے کہ یہ جو ابھی ضرورت ہمیں پڑی ہے، انشاء اللہ ہم زمین خریدیں اربن ایریا میں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: عبدالاکبر خان کا مائیک آن کریں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، ابھی تو دیہاتوں میں بھی دو کنال کی زمین ملنا مشکل ہو گئی ہے Free of cost جناب سپیکر، Cities میں تو بالکل ناممکن ہے، اب میرا سپلیمنٹری یہ ہے کہ کیا حکومت Rented buildings میں سکول چلانے کا ارادہ رکھتی ہے کہ جہاں پر زمین نہ ملے یا بہت مہنگی ہو؟

<u>جناب سپیکر</u>: جی آنریبل منسٹر صاحب۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: جناب سپیکر صاحب، نہ صرف ہم Rented buildings میں اپنے سکولز چلا رہے ہیں بلکہ اپنے Existing schools میں سیکنڈ شفٹ بھی چلا رہے ہیں، انشاء اللہ اس سے بھی ہمارے کافی حد تک جو مسائل ہیں، وہ حل ہو جائیں گے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you. Mehmood Alam Sahib, Mehmood Alam Sahib, not present. 'Questions' Hour' is over.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

877 _ <u>جناب محمد زمین خان</u>: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے پرائمری اینڈ سیکنڈری سطح تک طلباء کی ذہانت اور تعلیمی معیار کو جانچنے کے لئے تعلیمی بورڈز قائم کئے ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ اداروں کی موئثر نگرانی کے لئے چیئرمین (BPS-20)، سیکرٹری (BPS-19)، کنٹرولر (BPS-19)، ڈپٹی سیکرٹری (BPS-18)، اسسٹنٹ کنٹرولر (BPS-17) کے افسران تعینات کئے گئے ہیں;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ عہدوں پر قانون اور گریڈ کے مطابق سینئر ترین اور ایماندار افراد کو تعینات کیا جاتا ہے;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو صوبہ بھر کے تعلیمی بورڈز میں تعینات افراد کے نام، گریڈ، تعیناتی کی تاریخ اور تعلیمی قابلیت کے مکمل کوائف کی تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم)</u>: (الف) جی ہاں

(ب) جی ہاں

(ج) محکمہ تعلیم صوبہ خیبر پختونخوا کی حتی الوسع کوشش ہوتی ہے کہ مذکورہ عہدوں پر قانون اور گریڈ کے مطابق سینئر ترین ایماندار افراد تعینات کرے۔

(د) جز(ب) میں مذکورہ آسامیوں پر صوبہ بھر کے تمام تعلیمی بورڈز میں تعینات افراد کے نام، گریڈ، تعیناتی کی تاریخ اور تعلیمی قابلیت کی مکمل تفصیل ایوان میں پیش کی گئی۔

888 _ جناب محمد زمین خان: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ یونیسیف(UNICEF) نے ضلع دیر پائیں کے مختلف سکولوں میں آب نوشی کی سکیموں کیلئے فنڈز اور دیگر سامان مہیا کیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومتی پالیسی کے برعکس فراہم کردہ فنڈز اور دیگر سامان سکولوں کی بجائے من پسند افراد کی ذاتی رہائش گاہوں میں لگایا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ مقصد کیلئے فراہم کی گئیں رقوم اور سامان کے خرچ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ یونیسیف (UNICEF) نے EDO(E&SE) ضلع دیر پائیں کے ذریعے چند سکولوں کو آب نوشی کیلئے پلاسٹک کے پائپ مہیا کئے ہیں، پلاسٹک کے پائپوں کے علاوہ اگر یونیسف نے دیگر سامان مہیا کیا ہے تو یونیسف نے بلاواسطہ مہیا کیا ہے۔ اس سلسلے میں ضلعی آفیسر کو لاعلم رکھا گیا ہے، تفصیل مہیا کرنے کیلئے یونیسف سے بار بار درخواست کی گئی ہے مگر تاحال کوئی تفصیل موصول نہیں ہوئی ہے۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) اسکی وضاحت جز(الف) کے جواب میں کی گئی ہے۔

890 _ جناب محمد زمین خان: کیا وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم میں ہر مضمون کے ماہر اساتذہ صوبہ بھر کے سیکنڈری کی سطح پر سکولوں میں طلباء کو پڑھاتے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت نے حال ہی میں انتظامی اور ٹیچنگ کیڈر جدا کر کے صوبہ بھر میں مختلف انتظامی پوسٹوں پر تعینات سبجیکٹ سپیشلٹس کو ہٹا کر واپس سکولوں میں بھیج دیا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پالیسی کے برعکس محکمہ ہذا و دیگر پراجیکٹس میں بعض انتظامی پوسٹوں پر تاحال ماہر مضمون سبجیکٹ سپیشلسٹس کام کر رہے ہیں;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو صوبے میں مختلف انتظامی اور تدریسی آسامیوں پر تعینات سبجیکٹ سپیشلسٹس کے مکمل کوائف فراہم کئے جائیں، نیز مذکورہ وضع کردہ پالیسی کی کاپیاں بھی فراہم کی جائیں؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(ج) جی ہاں، اسکی وضاحت جز (د) کے جواب میں کی گئی ہے۔

(د) مندرجہ ذیل افسران نے ابھی تک اپنی تبدیل شدہ یعنی اصلی پوسٹوں پر چارج نہیں لیا ہے اور بدستور منسٹر صاحبان / قائد حزب اختلاف کے دفاتر میں ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔

1	فرید اللہ، ایس ایس	پی ایس ٹو منسٹر لیبر
2	بخت افسر، ایس ایس	پی ایس ٹو منسٹر سوشل ویلفیئر
3	محمد طاہر، ایس ایس	پی ایس ٹو جناب اکرم خان درانی

مندرجہ بالا ایس ایس کے علاوہ صوبے بھر میں باقی تمام ایس ایس تدریسی آسامیوں پر اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

907 _ <u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> کیا وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی ایف 47 ایبٹ آباد میں مردانہ وزنانہ مڈل، ہائی سکولز موجود ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پی ایف 47 ایبٹ آباد میں مردانہ وزنانہ سکولز میں پرنسپل، ہیڈ ماسٹر، سائنس ٹیچرز تعینات ہیں;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1) پی ایف 47 ایبٹ آباد میں کتنے ہائی اور مڈل سکولوں میں مردانہ وزنانہ پرنسپل، ہیڈ ماسٹر اور سائنس ٹیچرز کی آسامیاں خالی ہیں اور حکومت کب تک مذکورہ خالی آسامیوں کو پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

<u>سردار حسین بابک (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) خالی آسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(1) پرنسپل (بی ایس۔19)، گورنمنٹ ہائی سکول حویلیاں (2) پرنسپل (بی ایس۔18)، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول لنگڑیال (3) پرنسپل (بی ایس۔18)، گورنمنٹ ہائی سکول کوکل برسین (4) پرنسپل (بی ایس۔18)، گورنمنٹ ہائی سکول تکیہ شیحان (5) ہیڈ ماسٹر (بی ایس۔17)، گورنمنٹ ہائی سکول ستوڑہ (6) پرنسپل (بی ایس۔18)، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول حاجیہ گلی (7) ایس ای ٹی (سائنس) گورنمنٹ ہائی سکول ستوڑہ۔

حکومت بہت جلد خالی آسامیوں کو پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

915 _ جناب محمد زمین خان: کیا وزیر ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت طلباء وطالبات کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے کیلئے خطیر رقم خرچ کر رہی ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت تعلیمی اداروں کی خطرناک اور بوسیدہ عمارتوں کی دوبارہ تعمیر و مرمت کرتی ہے;

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1) سال 2006 سے تاحال ضلع دیر عموماً پی ایف 96 میں کن سکیموں کو شامل کیا گیا ہے;

(2) آیا حکومت گورنمنٹ پرائمری و مڈل سکول اوڈیگرام، گورنمنٹ مڈل سکول کائر آں اور گورنمنٹ پرائمری سکول بڑھیکنی کی عمارتیں جو بوسیدہ اور خطرناک ہیں، کو تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) جی ہاں، درست ہے۔

(ج) (I) پی ایف 96 میں سال 07-2006 میں ہائی سکول ریحان پور شامل ہے، 08-2007 میں ہائی سکول مانیال اور گرلز ہائی سکول مور نئی شامل ہیں۔

(II) گورنمنٹ مڈل سکول اوڈیگرام کیلئے حکومت نے 10.00 ملین روپے مختص کئے ہیں، گرلز مڈل سکول کڈھ دوبارہ تعمیر ہو چکا ہے اور اس میں تعلیمی سرگرمیاں جاری ہیں۔ فنڈز منظور ہونے کی صورت میں گورنمنٹ پرائمری سکول اوڈیگرام اور گورنمنٹ پرائمری سکول بڑھیکئی کی عمارتیں دوبارہ تعمیر ہو جائیں گی۔

905۔ جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پرائیویٹ سکول کھولنے کیلئے محکمہ تعلیم نے کوئی طریقہ کار وضع کیا ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ ابھی تک محکمہ کی کسی مجاز اتھارٹی نے پرائیویٹ سکولوں کو نہ چیک کیا اور نہ ہی ان پر نظر رکھی جارہی ہے؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ سکولوں کے ٹیچنگ سٹاف کے تعلیمی معیار، قابلیت اور انکی تنخواہوں کا محکمہ تعلیم کے پاس کوئی ریکارڈ نہیں؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکولوں میں داخلہ فیس، ماہانہ فیس اور اساتذہ کی تنخواہوں کا کوئی معیار نہیں اور نہ ہی کھیل کود کا کوئی بندوبست ہوتا ہے؛

(ھ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) محکمہ تعلیم نے ابھی تک اس اہم مسئلے کو کیوں نظر انداز کیا ہے؛

(ii) محکمہ تعلیم نے تاحال صوبے میں جتنے پرائیویٹ سکول چیک کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، صوبہ میں تمام تعلیمی ادارے بورڈ کیلنڈر ایکٹ میں دیئے گئے قوانین کے مطابق اور خیبر پختونخوا کے آرڈیننس نمبر (xxvii) سال 2001 ترمیم شدہ بوساطت نمبر legis: 1(2) 93/7649 25 اکتوبر 2002 کے تحت رجسٹر کئے جاتے ہیں، اس قانون کے تحت ضلعی سطح پر انسپکشن کمیٹی ہر سکول کا معائنہ کرتی ہے، اس کمیٹی کا چیئرمین متعلقہ ای ڈی او محکمہ تعلیم ہوتا ہے جبکہ ممبران میں سیکرٹری بورڈ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ضلع میں کسی سینیئر گورنمنٹ کالج کا پرنسپل اور معروف ماہر تعلیم یا سوشل ورکر ہوتے ہیں، انسپکشن کمیٹی کی تسلی بخش رپورٹ پر ادارے کی رجسٹریشن کی جاتی ہے۔

(ب) یہ درست نہیں ہے بلکہ تمام تعلیمی اداروں کا اوپر (الف) میں بیان کئے گئے آرڈیننس کے تحت معائنہ کیا جاتا ہے اور غیر تسلی بخش کارکردگی پر تادیبی کارروائی بھی کی جاتی ہے۔

(ج) یہ درست نہیں ہے بلکہ پرائیویٹ سکولوں کے اساتذہ کی تعلیمی اسناد اور جملہ دستاویزات متعلقہ بورڈ کے ریکارڈ میں موجود ہوتی ہیں۔

(د) یہ درست ہے کہ پرائیویٹ (نجی) تعلیمی اداروں کی داخلہ فیس اور ماہانہ فیس کا کوئی بھی طے شدہ جدول گورنمنٹ کی طرف سے مقرر نہیں ہے تاہم ہر پرائیویٹ سکول اپنی طرف سے دی گئیں سہولیات اور اساتذہ کرام کی تعلیمی قابلیت وغیرہ کو مدنظر رکھ کر فیس کا تعین کرتے ہیں جبکہ کھیل کود کی سہولت کا بھی انتظام ہوتا ہے۔

(ھ) (i) محکمہ تعلیم نے اس مسئلے کو نظر انداز نہیں کیا ہے بلکہ وقتاً فوقتاً اسکو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کئے جاتے ہیں تاہم جہاں تک فیسوں کا تعلق ہے تو یہ کام ادارے میں موجود سہولتوں کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے۔

(ii) محکمہ تعلیم نے تاحال صوبے میں جو پرائیویٹ سکول چیک کرکے رجسٹرڈ کئے ہیں، انکی تفصیل درج ذیل ہے:

1	پرائمری سکول	1504
2	مڈل سکول	2042
3	ہائی سکول	1966
4	ہائیر سیکنڈری سکول	491
کل	تعداد	6003

906 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت طالبات کو ماہانہ وظیفہ فراہم کرتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پی ایف 47 میں اب تک کتنی طالبات کو وظیفہ دیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

سردار حسین بابک (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، حکومت سرکاری سکولوں میں پڑھنے والی چھٹی سے لیکر دسویں جماعت تک کی طالبات کو ماہانہ وظیفہ فراہم کرتی ہے۔

(ب) پی ایف 47 میں اب تک (یعنی مالی سال 2008-09) کے دوران وظیفہ حاصل کرنے والی طالبات کی تفصیل درج ذیل ہے:

S.No	Name of School	Class Wise number of girls students

		6^{th}	7^{th}	8th	9th	10th	Total
1	GGHSS Hajia Gali	74	67	77	113	115	446
2	GGHSS Havelian	129	114	155	304	359	1061
3	GGHSS Dhamtor	53	48	61	60	33	255
4	GGHSS Sajikot Havelian	10	38	37	40	0	125
5	GGHSS Rajoiya	59	87	68	54	69	337
6	GGHSS Havelian Village	116	93	102	102	83	496
7	GGHSS Bandi Atti Khan	35	55	46	30	43	209
8	GGHSS Ghari Phulgran	58	44	53	0	0	155
9	GGHSS Jhangra	36	42	39			117
10	GGHSS Chandu Maria	16	21	15	0	0	52
11	GGHSS Bodla	48	43	52	0	0	143
12	GGHSS Banda Said Khan	13	13	11	0	0	37
13	GGHSS Banda Sahib Khan	28	22	25	0	0	75
14	GGHSS Waziran	22	21	21	0	0	64
15	GGHSS Sultan Pur	31	22	28	0	0	81
16	GGHSS Phulwali	41	31	27	0	0	99
17	GGHSS Phalla	43	29	26	0	0	98
18	GGHSS Panigram	24	17	21	0	0	62
19	GGHSS Mahmda	12	14	11	0	0	37
20	GGHSS Mujhat	11	14	16	0	0	42
21	GGHSS Mohri Bed Behen	49	15	52	0	0	157
22	GGHSS Malkan	28	56	30	0	0	82

23	GGHSS Maria Bala	7	24	0	0	0	7
24	GGHSS Langra	18	18	20	0	0	56
25	GGHSS Kokal Barsin	68	54	42	0	0	164
26	GGHSS Kiala	4	14	14	0	0	32
27	GGHSS Ban Nara	15	17	20	0	0	52
	total	1048	1019	1069	703	702	4541

927 _ سید جعفر شاہ: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع سوات کی تحصیل بحرین میں مانکیال کے مقام پر کچھ عرصہ قبل ہائر سیکنڈری سکول قائم کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ سکول میں طلباء کی تعداد کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ سکول میں اس وقت عملہ کی تعداد کتنی ہے اور ان میں سے کتنے ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) (i) مذکورہ سکول میں طلباء کی تعداد 255 ہے، تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	جماعت	تعداد طلباء	نمبر شمار	جماعت	تعداد طلباء
1	ششم	78	5	دہم	15
2	ہفتم	60	6	گیارہویں	05
3	ہشتم	40	7	بارہویں	06
4	نہم	51		کل	255

(ii) مذکورہ سکول میں عملہ کی تعداد 43 ہے۔ ان میں 28 آسامیوں پر عملہ ڈیوٹی انجام دے رہا ہے جبکہ 15 آسامیاں خالی ہیں، تفصیل درج ذیل ہے:

خالی آسامیاں	پُر شدہ آسامیاں

پرنسپل۔1	ایس ای ٹی۔1
وائس پرنسپل۔1	سی ٹی۔2
ایس ایس (اسلامیات)۔1	ڈی ایم۔1
پاک سٹڈیز۔1	ایس ایس (انگلش)۔1
ایس ای ٹی (سائنس، جنرل)۔2	سوکس۔1
سی ٹی۔2	ایس ایس (سٹیٹ)۔1
پی ای ٹی۔1	ایس ایس (اکنامکس)۔1
اے ٹی۔1	ایس ایس (فزکس)۔1
ٹی ٹی۔1	ایس ایس (کیمسٹری)۔1
قاری۔1	ایس ایس (بیالوجی)۔1
ڈی پی ای۔1	آئی ٹی۔1
لائبریرین۔1	سینیئر کلرک۔1
کمپیوٹر لیب انچارج۔1	جونیئر کلرک۔1
	لیب اسسٹنٹ۔3
	لیب اٹنڈنٹ 3۔
	درجہ چہارم۔8

928۔ سید جعفر شاہ: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی ایف 85 کالام، مدین اور فتح پور سوات میں ہائر سیکنڈری سکول موجود ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ تینوں سکولوں میں طلباء اور اساتذہ بمعہ عملہ کی تعداد کتنی ہے، تفصیل فراہم کی جائے;

(ii) مذکورہ سکولوں میں موجود پرنسپل کے عہدہ پر کونسے اشخاص تعینات ہیں نام بمعہ گریڈ و پتہ فراہم کئے جائیں;

(iii) مذکورہ سکولوں میں اگر عملہ کی کمی ہے تو اس کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) (i) مذکورہ تینوں سکولوں میں طلباء اور اساتذہ بمعہ عملہ کی تعداد کی تفصیل درج ذیل ہے:

نام سکول	تعداد طلباء	اساتذہ کی تعداد	دیگر عملہ کی تعداد
کالام	398	30	20
مدین	884	44	13
فتحپور	985	33	19

(ii) مذکورہ سکولوں میں موجود پرنسپل کے نام بمعہ گریڈ وپتہ درج ذیل ہیں:

نام سکول	نام پرنسپل	گریڈ	پتہ
کالام	فضل الرحمن (انچارج)	17	مینگورہ سوات
مدین	شیر زادہ (انچارج)	18	مدین سوات
فتح پور	شجاع اللہ خان	19	فتح پور سوات

(iii) مذکورہ سکولوں میں عملہ کی کمی کو پورا کرنے کیلئے حکومت اقدامات کر رہی ہے۔

938۔ سید جعفر شاہ: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی ایف 85 ضلع سوات بشمول تحصیل کالام، بحرین، مدین، فتح پور میں ایسے بھوت سکول موجود ہیں جو عملہ نہ ہونے کی وجہ سے بند پڑے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکولوں کی تعداد کتنی ہے، نیز ان سکولوں کو چالو کرنے کیلئے کیا اقدامات کئے گئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی نہیں۔

(ب) تمام بند سکول دوبارہ چالو کرنے کیلئے تبدیل شدہ (Detailed) اساتذہ کے حکم نامے منسوخ کر دیئے گئے ہیں اور ان کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ اپنے اصل سکولوں میں ڈیوٹیاں سنبھال لیں، نیز نئی بھرتیوں اور Rationalization کی وجہ سے بند سکول کھل گئے ہیں۔

992۔ جناب محمود عالم: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان میں گزشتہ حکومت نے کنٹریکٹ پر سائنس ٹیچرز بھرتی کئے تھے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس وقت ضلع کوہستان کے سکولوں میں سائنس ٹیچرز نہیں ہیں;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت ضلع کوہستان کے سکولوں میں سائنس ٹیچرز بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، سوائے دو سائنس ٹیچرز کے (ایک زنانہ ایک مردانہ) باقی تمام سکولوں میں سائنس ٹیچرز نہیں ہیں۔

(ج) ایس ای ٹی کی پوسٹوں کیلئے پبلک سروس کمیشن صوبہ خیبر پختونخوا کے ذریعے امیدواروں کے انٹرویوز شروع ہیں اور عنقریب خالی پوسٹوں پر تعیناتی ہو جائے گی۔

991 _ <u>محترمہ مسرت شفیع ایڈوکیٹ:</u> کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت سکولوں کی تعمیر پر لاکھوں روپے خرچ کرتی ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکولوں کیلئے عوام سے مفت زمین حاصل کی جاتی ہے;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ گاؤں اور آبادی سے دور سکولوں کی تعمیر سے عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت سکولوں کیلئے زمین عوام سے کیوں مفت حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے اور اس کیلئے باقاعدہ فنڈ کیوں مختص نہیں کرتی;

(ii) سکولوں کی تعمیر کیلئے جگہ کا انتخاب عوام کی مرضی سے کیا جاتا ہے یا ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسر محکمہ تعلیم / محکمہ خزانہ جگہ منتخب کرتے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) ہاں، یہ درست ہے کہ گاؤں اور آبادی سے دور سکولوں کی تعمیر سے عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ Planning criteria کی روشنی میں نئے سکول کی تعمیر (پرائمری یا مڈل) کیلئے ایک کلومیٹر کے Radius میں کوئی بھی سکول موجود نہ ہو تو نئے سکول کی تعمیر

کر سکتے ہیں لیکن بعض مقامات پر خاص کر شہری علاقوں میں زمین کی قیمت زیادہ ہونے کی وجہ سے حکومت کو وسائل کی کمی اور عدم دستیابی کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

(i) صوبائی حکومت اپنے محدود وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے منصوبوں کے پی سی ون میں زمین کی خرید کیلئے فنڈز مختص کررہی ہے لیکن بعض مقامات پر خاص کر شہری علاقوں میں زمین کی قیمت زیادہ ہونے کی وجہ سے حکومت کو وسائل کی کمی اور عدم دستیابی کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

(ii) نئے سکولوں کی تعمیر کیلئے ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسر ضرورت کی بنیاد پر فزیبلٹی رپورٹ تیار کرتا ہے۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں: سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب 22 دسمبر 2010 کیلئے؛ محترمہ ستارہ ایاز صاحبہ 22 دسمبر 2010 کیلئے؛ جناب ثناء اللہ خان میانخیل صاحب 22 دسمبر 2010 کیلئے۔ Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The leave is granted.

تحاریک التواء

<u>Mr. Speaker</u>: 'Adjournment Motions': Abdul Akbar Khan, to please move his adjournment motion No. 222 in the House. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: تھینک یو، جناب سپیکر۔ یہ میری معصوم سی ایڈجرنمنٹ موشن ہے، میرے خیال میں منسٹر صاحب دوسری سیٹ پر ہیں، اگر وہ توجہ دیں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ کس کے متعلق ہے؟

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: یہ سیکنڈری ایجوکیشن کے متعلق ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی بسم اللہ۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے جو ڈی پی ایز ہائر سیکنڈری سکولز کی Re-designation نہ ہونے سے پیدا ہوا ہے۔ چونکہ ہائر ایجوکیشن میں ڈی پی ایز Lecturers in Physical Education میں Re-designate ہو چکے ہیں اور باقی صوبوں مثلاً پنجاب، مرکزی حکومت اور آزاد کشمیر میں ہوئے ہیں، اس لئے ان لوگوں میں نہایت بے چینی پائی

جاتی ہے، لہذا ڈی پی ایز ہائر سیکنڈری سکول کو S.S in Physical Education میں Re-designate کرنے کیلئے کارروائی کی جائے۔

